# 34512- ٹیلی کمیونیکشن وغیرہ کمپنیوں کے حصص

## سوال

کمیونیکشن کمپنیوں ( ٹیلی فون ٹیلی ویزن وغیرہ ) کے حصص کی خریداری کا حکم کیا ہے ؟ یہ علم میں ہونا چاہیے کہ یہ کمپنیاں ایسے حصے دیتی ہیں جو حرام کاموں میں کرتے ہیں مثلا سودی بنک وغیرہ، اوران کے ذریعہ حرام کام سرانجام دیے جاتے ہیں مثلا ٹیلی ویزن کے ذریعہ جوئے کے مقابلے اور موسیقی اور گانوں کے لیے 700 لائن وغیرہ حرام کام، اس کے ساتھ ساتھ بہت سے جائزاور مباح کام بھی کیے جاتے ہیں جوکہ معلوم ہیں ؟

## پسندیدہ جواب

مسلمان شخص کوشبہات سے دور رہنا اور بچنا چاہیے اور تقوی وورع اختیار کرتے ہوئے ایسے کاموں میں داخل نہیں ہونا چاہیے جو حرام اور حلال دونوں مختلط ہوں، اور جو شخص بھی اس پر اصرار کرے اوراس نے اس میں سے کچھ حصص کی خریداری کرلی تواسے چاہیے کہ وہ اس کمائی کے حرام کاموں مے منافع سے چھٹکارا حاصل کرے، وہ اس طرح کہ اس کے متعلق سوال کرے اوراسے تلاش کرے اورغالب گمان کے ذریعہ اس سے چھٹکارا حاصل کرے .

ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ حرام کی بجائے حلال روزی ہی کافی کردے اوراپنے فضل کے ساتھ دوسروں سے غنی کردے .

واللہ اعلم .